ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

## MAY-2013

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

# A bouquet of red roses to Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib

We got great pleasure from the latest episode of the most popular radio program: Humsafar, that was broadcast on Radio Kashmir Srinagar on 26 April Friday 2013 at 8:30 AM. The respected speaker of this broadcast, Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib grant the media persons a privilege after mentioning a sound bite from the telephonic conversation of a journalist in which a religiously offensive metaphor: At last, the injured person lost the battle of life, was analysed by the respected Fayaz Sahib. The cutthroat competition among the media people and the temptation of breaking news in a swoop are eroding the values and ethics day-by-day. We need well-grounded and well-informed scholars like Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib who are able to detect the subtleties of journalistic compositions, raise awareness of religious sensitiveness and then discuss the same in the media logically.

We are much obliged to Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib for making his great and invaluable contribution to serious offence prevention. The producer of this radio program, Mr. Saleem Aijaz Kapra, deserves to be appreciated truly and properly as he is working hard selflessly.

(Rising Kashmir 02/May/2013)

Yours affectionately,

**A circle of friends from the print media**
**Through Tariq Ahmad Shah**
**Srinagar.**

R. No. 11143

**KASHMIR UZMA 09 MAY 2013**

# Humsafar Marriage Counselling Cell (HMCC)

## ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل سرینگر کی طرف سے دو شادیاں انجام

## بانڈی پورہ کے پیرزادہ طارق احمد شاہ اور ہندوارہ کے قاری غلام محمد صاحب کے نکاح منعقد

آسان نکاح اور سادہ شادی کے اصلاحی پروگرام کے تحت ہمسفر میرتج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے اس ہفتہ دوشادیاں انجام دی گئیں۔ جس میں پہلی نکاح مجلس اسلامک دعوت سینٹر (IDC) باغ سندر بالاچھتہ بل میں 5، مئی اتوار 2013ء کوبعد نماز ظہر منعقد ہوئی۔ جس میں بانڈی پورہ کشمیر وارڈ نمبر 2 کے جناب پیرزادہ طارق احمد شاہ صاحب کا نکاح مسمات اُلفت جان دختر مرحوم غلام حسن وانی ساکنہ شاہین محلہ نورباغ سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح ڈائریکٹر آئی ڈی سی Director) (IDC جناب محترم فیاض احمد زروصاحب نے پڑھادیا۔ نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ بانڈی پورہ کی جامعہ مسجد جدید کے اِمام حی محترم مولانا خورشید انور ندوی صاحب مدظلہ اور ایڈوکیٹ ریاض صاحب بھی موجود تھے۔

دوسری نکاح مجلس اسی روز یعنی 5، مئی اتوار 2013ء کو مسجد شریف چھٹی پورہ ہندواڑہ ضلع کپواڑہ میں منعقد ہوئی۔ جس میں جناب قاری غلام محمد صاحب ولد جناب عبدالرشید شیخ صاحب چھٹی پورہ ہندواڑہ (اُستاذ مدرسہ سراج العلوم دلال محلہ سرینگر) کا نکاح اسی گاؤں کی مسمات شمیمہ اختر دختر جناب غلام احمد شیخ کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح حضرت مفتی محمد سلطان قاسمی صاحب دامت برکاتہم (اُستاذ سراج العلوم دلال محلہ سرینگر) نے پڑھادیا۔ ان کے ساتھ محترم مولانا نصیر صاحب بھی تھے۔

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)**

**ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر**

# GREATER KASHMIR 10 MAY 2013

## Humsafar Marriage Counselling Cell (HMCC)

### ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کی طرف سے دو شادیاں انجام

### بانڈی پورہ کے پیرزادہ طارق احمد شاہ اور ہندوارہ کے قاری غلام محمد صاحب کے نکاح منعقد

آسان نکاح اور سادہ شادی کے اصلاحی پروگرام کے تحت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے اس ہفتہ دو شادیاں انجام دی گئیں۔ جس میں پہلی نکاح مجلس اسلامک دعوت سینٹر (IDC) باغ سندر بالا چھتہ بل میں 5، مئی اتوار 2013ء کو بعد نماز ظہر منعقد ہوئی۔ جس میں بانڈی پورہ کشمیر وارڈ نمبر 2 کے جناب پیرزادہ طارق احمد شاہ صاحب کا نکاح مسمات اُلفت جان دختر مرحوم غلام حسن وانی ساکنہ شاہین محلہ نور باغ سرینگر کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح ڈائریکٹر آئی ڈی سی (Director IDC) جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے پڑھا دیا۔ نکاح مجلس میں اور لوگوں کے علاوہ بانڈی پورہ کی جامعہ مسجد جدید کے امام حی محترم مولانا خورشید انور ندوی صاحب مدظلہ اور ایڈوکیٹ ریاض صاحب بھی موجود تھے۔

دوسری نکاح مجلس اسی روز یعنی 5، مئی اتوار 2013ء کو مسجد شریف چھٹی پورہ ہندواڑہ ضلع کپواڑہ میں منعقد ہوئی۔ جس میں جناب قاری غلام محمد صاحب ولد جناب عبدالرشید شیخ صاحب چھٹی پورہ ہندواڑہ (اُستاذ مدرسہ سراج العلوم دلال محلہ سرینگر) کا نکاح اسی گاؤں کی مسمات شمیمہ اختر دختر جناب غلام احمد شیخ کے ساتھ پڑھا گیا۔ یہ نکاح حضرت مفتی محمد سلطان قاسمی صاحب دامت برکاتہم (اُستاذ سراج العلوم دلال محلہ سرینگر) نے پڑھا دیا۔ ان کے ساتھ محترم مولانا نصیر صاحب بھی تھے۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

Greater Kashmir (10 May 2013)

**GREATER KASHMIR 13 MAY 2013**

# ہمسفر ریڈیو پروگرام

# موبائل ٹیلیفون پر بھی دستیاب ہے

ریڈیو کشمیر سرینگر سے براڈ کاسٹ ہونے والا مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر (Humsafar) جو ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر صاحب ہیں۔ موبائل ٹیلیفون پر بھی دستیاب ہے۔ یہ پروگرام موبائل ٹیلیفون کے ریڈیو FM 103.5 پر ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے سنا جا سکتا ہے۔

Greater Kashmir
13/May/2013

جاری کردہ: محمد عمران اور منظور احمد

انچارج دفتر: ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون نمبر: 9419439786

# KASHMIR UZMA 14 MAY 2013

## ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی طرف سے

## مزید نکاح مجالس کا انعقاد

مؤرخہ 11، مئی سنیچروار 2013ء کو مسجد غوثیہ واقع غوثیہ کالونی بمنہ سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد بعد نماز عصر ہوا۔ جس میں بلال احمد نقشی فرزند غلام رسول نقشی (بچھ پورہ نروره سرینگر) کا نکاح محترمہ شفقت آرا صاحبہ دختر مرحوم عبدالعزیز زرگر (غوثیہ کالونی بمنہ سرینگر) کے ساتھ پڑھا گیا۔ نکاح کا ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل اور اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے سادہ اور مسنون شادی انجام دینے کی فضیلت اور ضرورت پر مختصر گفتگو فرمائی۔ اس نکاح مجلس میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

مؤرخہ 12، مئی اتوار 2013ء کو اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالاچھتہ بل سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد بعد نماز ظہر ہوا۔ جس میں ڈاکٹر جاوید احمد بٹ فرزند جناب غلام محی الدین بٹ پوشہ پوری (پوشہ پورہ کپواڑہ) کا نکاح ڈاکٹر لبنیٰ شاھین (Dr. Lubna Shaheen) دختر ڈاکٹر غلام نبی شاہ (ترہگام کپواڑہ) کے ساتھ پڑھا گیا۔ نکاح کا ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے ایک مختصر خطاب فرمایا، جس میں انہوں نے غیر اقوام اور دین بیزار لوگوں کی شادیوں کا بے ہودہ طرز عمل اور سجاوٹ اور نظافت کے نام پر ننگا پن مسلمانوں کے نکاحوں اور شادیوں میں داخل کرنے پر سخت تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ مسنون اسلامی طرز نکاح کو درہم برہم کرنے والوں کا کسی بھی قسم کا تعاون کرنا بہت بڑا جرم ہے۔ اور سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے والوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرنا مسلمانوں کا مذہبی فریضہ بھی ہے اور وقت کی ایک اہم ضرورت بھی ہے۔ اس نکاح مجلس میں دولہا، دولہن، ان کے والدین، رشتہ دار، دوست واحباب کے علاوہ کئی ڈاکٹر صاحبان، سرکاری افسران ، میڈیا پرسن اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ان میں سے اکثر حضرات نے ہفتہ وار مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں، کی افادیت اور اہمیت کا اظہار کر کے پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو اور پروگرام کے ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز صاحب کو خوب نیک دعائیں دی۔ کپواڑہ سے آئے کئی معزز حضرات نے کپواڑہ میں ہمسفر میریج سیل کی ایک شاخ قائم کرنے کی ضرورت ادارہ کی انتظامیہ کے سامنے پیش کردی۔

جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد) ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)

Kashmir Uzma (14/May/2013)

**GREATER KASHMIR 14 MAY 2013**

# ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کی طرف سے

## مزید نکاح مجالس کا انعقاد

مؤرخہ 11، مئی سنیچروار 2013ء کو مسجد غوثیہ واقع غوثیہ کالونی بمنہ سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد بعد نماز عصر ہوا۔ جس میں بلال احمد نقشی فرزند غلام رسول نقشی (بچھ پورہ نزورہ سرینگر) کا نکاح محترمہ شفقت آرا صاحبہ دختر مرحوم عبدالعزیز زرگر (غوثیہ کالونی بمنہ سرینگر) کے ساتھ پڑھا گیا۔ نکاح کا ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ہمسفر میریج کونسلنگ سیل اور اسلامک دعوت سینٹر سرینگر کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے سادہ اور مسنون شادی انجام دینے کی فضیلت اور ضرورت پر مختصر گفتگو فرمائی۔ اس نکاح مجلس میں لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

مؤرخہ 12، مئی اتوار 2013ء کو اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد بعد نماز ظہر ہوا۔ جس میں ڈاکٹر جاوید احمد بٹ فرزند جناب غلام محی الدین بٹ پوشہ پوری (پوشہ پورہ کپواڑہ) کا نکاح ڈاکٹر لُبنیٰ شاہین (Dr. Lubna Shaheen) دختر ڈاکٹر غلام نبی شاہ (ترہگام کپواڑہ) کے ساتھ پڑھا گیا۔ نکاح کا ایجاب وقبول کرانے سے پہلے ادارہ کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے ایک مختصر خطاب فرمایا، جس میں انہوں نے غیر اقوام اور دین بیزار لوگوں کی شادیوں کا بے ہودہ طرز عمل اور سجاوٹ اور نظافت کے نام پر ننگا پن مسلمانوں کے نکاحوں اور شادیوں میں داخل کرنے پر سخت تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ مسنون اسلامی طرز نکاح کو درہم برہم کرنے والوں کا کسی بھی قسم کا تعاون کرنا بہت بڑا جرم ہے۔ اور سادہ طریقہ پر شادی انجام دینے والوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرنا مسلمانوں کا مذہبی فریضہ بھی ہے اور وقت کی ایک اہم ضرورت بھی ہے۔ اس نکاح مجلس میں دولہا، دولہن، ان کے والدین، رشتہ دار، دوست واحباب کے علاوہ کئی ڈاکٹر صاحبان، سرکاری افسران، میڈیا پرسن اور لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ان میں سے اکثر حضرات نے ہفتہ وار مقبول عام ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب ہیں، کی اِفادیت اور اہمیت کا اظہار کر کے پروگرام کے روحِ رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم کو اور پروگرام کے ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز صاحب کو خوب نیک دعائیں دی۔ کپواڑہ سے آئے کئی معزز حضرات نے کپواڑہ میں ہمسفر میریج سیل کی ایک شاخ قائم کرنے کی ضرورت ادارہ کی اِنتظامیہ کے سامنے پیش کردی۔

**جاری کردہ: جنرل سیکریٹری (لطیف احمد)**

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)

**GREATER KASHMIR 15 MAY 2013**

# CONTENT OF HUMSAFAR BROADCAST

## Reforming Society, Excelling Behaviour & Soothing our Souls

Removing cumbersome customs and extravagance from the trendy marriages, improving human behaviour of the people, changing criminal mindset of miscreants and soothing our major worries are the distinguishing features of the most popular radio program: HUMSAFAR, being broadcast on every Friday at 8:30 A.M on Radio Kashmir Srinagar. The adorable speaker of this radio broadcast, Honourable Fayaz Ahmad Zarroo Sahib, who has been always held in high esteem by all and sundry, and who is a gift to the Kashmir valley from the heavens, is succeeding in his endeavours to revive the dying human values of the society.

The advancing Producer & Director of Humsafar Radio Program, Mr. Saleem Aijaz Kapra Sahib, has a privilege to be involved in such a good and noble cause. We salute their courage and wish them well.

Now, it bothers us very much that the persons at the helm have deprived us of five minutes which were part of this broadcast that had high ratings right from the start.

**From: Abdul Majeed Rah, Mrs. Rah, Momin Majeed Rah & other family members**

**Kak-Sarai Chowk Srinagar Cell: 9906407025**

# KASHMIR UZMA 15 MAY 2013

# ہمسفر ریڈیو پروگرام کے عظیم الشان کام

## اِصلاح معاشرہ، کردار کی دُرستی اور راحت رسانی

یہ بات اب روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے ہفتہ وار مقبول عام اور ہردلعزیز ریڈیو پروگرام: ہمسفر کے نمایاں کاموں میں سے شادی بیاہ میں پائی جانے والی فضول خرچی، نام ونمود، ناجائز لین دین اور بری رسومات کو ختم کرنا، غلط انسانوں کے کردار کو دُرست کرنا، جرائم انجام دینے پر اُبھارنے والی ذہنیت کو تبدیل کرنا اور لوگوں میں راحت پہنچانے والے طور طریقوں کو رواج دینا جیسے کام شامل ہیں۔ اس کے لئے جو محنت، کوشش اور جدوجہد ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں حضرت ولامحترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم انجام دے رہے ہیں، وہ بہت ہی زیادہ قابل تحسین ہے۔ سماج میں پائی جانے والی خرابیاں اور برائیاں خوف خدا اور خوف آخرت سے تقریباً ختم ہوجاتی ہے، اور یہی خلاصہ ہوتا ہے اکثر ہمسفر ریڈیو پروگراموں کا۔ یہ پروگرام سامعین کو اچھے کام کرنے پر ابھارتا ہے، اور برائیوں کی دل میں نفرت پیدا کرتا ہے۔ اسی لئے ہمیں اس کا ایک شمارہ سننے کے بعد پورے ہفتے تک ہمیں اس کا اگلا شمارہ سننے کا زبردست اِشتیاق اور اِنتظار رہتا ہے۔

ہمسفر جیسے مفید ریڈیو پروگرام کے لئے پہلے سے ہی وقت کی کمی کا سامعین کو شکوہ رہا، مگر اب اس کے اصل وقت میں سے پانچ منٹ کی جو کمی کی گئی ہے، اس سے ہمارے دلوں کو بہت تکلیف پہنچی ہے۔ ہمیں سمجھ میں نہیں آتا کہ پورے سماج کے فائدے کے لئے جو ریڈیو پروگرام شاندار کامیابی کے ساتھ قدم آگے بڑھا رہا ہے، اس کے وقت میں کمی کرنے کی جرأت کیسے کی گئی! ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کے لئے یہ سب سے بڑا اعزاز ہے کہ وہ اس عظیم الشان اور معاشرے کو قسم قسم کے فائدے پہنچانے والے ریڈیو پروگرام کو تیار کرنے والے میڈیا کے واحد اور پہلے شخص ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا میں سے آج تک کوئی بھی شخص اس قسم کا نفع دینے والا پروگرام کشمیری قوم کو نہیں دے سکا۔

منجانب: عبدالمجید مراہ، اہلیہ عبدالمجید مراہ، مؤمن مجید مراہ اور دیگر اہل خانہ
کالسرائے چول سرینگر۔ (فون نمبر: 9906407025)

Kashmir Uzma 15/May/2013

**GREATER KASHMIR 15 MAY 2013**



# A BOUQUET OF RED ROSES TO

## JENAB FAYAZ AHMAD ZARROO SAHIB

We got great pleasure from the latest episode of the most popular radio program: Humsafar, that was broadcast on Radio Kashmir Srinagar on **26 April Friday 2013 at 8:30 A.M.** The respected speaker of this broadcast, Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib grant the media persons a privilege after mentioning a sound bite from the telephonic conversation of a journalist in which a religiously offensive metaphor: At last, the injured person lost the battle of life, was analysed by the respected Fayaz Sahib.

The cutthroat competition among the media people and the temptation of breaking news in a swoop are eroding the values and ethics day-by-day. We need well-grounded and well-informed scholars like Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib who are able to detect the subtleties of journalistic compositions, raise awareness of religious sensitiveness and then discuss the same in the media logically.

We are much obliged to Jenab Fayaz Ahmad Zarroo Sahib for making his great and invaluable contribution to serious offence prevention. The producer of this radio program, Mr. Saleem Aijaz Kapra, deserves to be appreciated truly and properly as he is working hard selflessly.

**YOURS AFFECTIONATELY,**

**A CIRCLE OF FRIENDS FROM THE PRINT MEDIA**

**THROUGH TARIQ AHMAD SHAH (SRINAGAR)**

002

**AFTAB 15 MAY 2013**

# ہمسفر ریڈیو پروگرام کے عظیم الشان کام

# اصلاح معاشرہ، کردار کی دُرستی اور راحت رسانی

یہ بات اب روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کے ہفتہ وار مقبول عام اور ہر دلعزیز ریڈیو پروگرام: ہمسفر کے نمایاں کاموں میں سے شادی بیاہ میں پائی جانے والی فضول خرچی، نام ونمود، ناجائز لین دین اور بری رسومات کو ختم کرنا، غلط انسانوں کے کردار کو دُرست کرنا، جرائم انجام دینے پر اُبھارنے والی ذہنیت کو تبدیل کرنا اور لوگوں میں راحت پہنچانے والے طور طریقوں کو رواج دینا جیسے کام شامل ہیں۔ اس کے لئے جو محنت، کوشش اور جدوجہد ہمسفر ریڈیو پروگرام کے روح رواں حضرت والا محترم فیاض احمد زرد صاحب دامت برکاتہم انجام دے رہے ہیں، وہ بہت ہی زیادہ قابل تحسین ہے۔ سماج میں پائی جانے والی خرابیاں اور برائیاں خوف خدا اور خوف آخرت سے تقریباً ختم ہو جاتی ہے، اور یہی خلاصہ ہوتا ہے اکثر ہمسفر ریڈیو پروگراموں کا۔ یہ پروگرام سامعین کو اچھے کام کرنے پر ابھارتا ہے، اور برائیوں کی دل میں نفرت پیدا کرتا ہے۔ اسی لئے ہمیں اس کا ایک شمارہ سننے کے بعد پورے ہفتے تک ہمیں اس کا اگلا شمارہ سننے کا زبردست اِشتیاق اور اِنتظار رہتا ہے۔

ہمسفر جیسے مفید ریڈیو پروگرام کے لئے پہلے سے ہی وقت کی کمی کا سامعین کو شکوہ رہا، مگر اب اس کے اصل وقت میں سے پانچ منٹ کی جو کمی کی گئی ہے، اس سے ہمارے دلوں کو بہت تکلیف پہنچی ہے۔ ہمیں سمجھ میں نہیں آتا کہ پورے سماج کے فائدے کے لئے جو ریڈیو پروگرام شاندار کامیابی کے ساتھ قدم آگے بڑھا رہا ہے، اس کے وقت میں کمی کرنے کی جرأت کیسے کی گئی! ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر و ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کے لئے یہ سب سے بڑا اعزاز ہے کہ وہ اس عظیم الشان اور معاشرے کو قسم قسم کے فائدے پہنچانے والے ریڈیو پروگرام کو تیار کرنے والے میڈیا کے واحد اور پہلے شخص ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا میں سے آج تک کوئی بھی شخص اس قسم کا نفع دینے والا پروگرام کشمیری قوم کو نہیں دے سکا۔

منجانب: عبدالمجید راہ، اہلیہ عبدالمجید راہ، مؤمن مجید راہ اور دیگر اہل خانہ

کاک سرائے چوک سرینگر۔ (فون نمبر: 9906407025)

Aftab (15/May/2013)

# GREATER KASHMIR 15 MAY 2013

(Greater Kashmir)



## عورت کے لئے سونے چاندی کی سرمہ دانی، کنگھی اور آئینہ وغیرہ جائز نہیں

### ہمسفر ریڈیو پروگرام کے بڑے فائدوں پر لوگوں کی سراہنا

مورخہ 17 ،مئی جمعۃ المبارک 2013 ء کو مقبول عام اور ہر دلعزیز ریڈیو پروگرام: ہمسفر Humsafar کا جو تازہ شمارہ ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے ((8:30 A.M.) براڈ کاسٹ ہوا، جس میں پروگرام کے روح رواں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے شادی بیاہ کے موقع پر ہونے والے اِسراف اور تبذیر سے وابستہ بڑے بڑے گناہوں کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا، کہ ایک مسلمان عورت کے لئے سونا اور چاندی صرف زیور میں جائز ہیں، مگر سونے چاندی کے برتن، سرمہ دانی، کنگھی، سینڈل، بیگ اور پرس، آئینہ، صابن کا ڈبہ وغیرہ عورت کے لئے بھی استعمال کرنا جائز نہیں ہیں۔

اس پر ہمسفر دفتر کو کئی ٹیلیفون آئے، جن میں کہا گیا کہ انہیں آج تک یہ بات معلوم ہی نہیں تھی، اور بے خبری کی وجہ سے کئی ہونے والی دولہنوں نے چاندی کے پرس، سرمہ دانی، سینڈل، ڈور کش، کنگھی وغیرہ جیسی چیزیں بازار سے خرید لی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمسفر ریڈیو پروگرام نے انہیں جہالت کے اندھیروں سے نکال کر روشنی عطا کر کے بڑے گناہوں سے بچا دیا۔ اب وہ اس قسم کی چیزیں واپس فروخت کریں گے۔ انہوں نے ہمسفر ادارہ کے محترم چیرمین صاحب کا اتنا مفید اور اصلاحی کام کرنے پر، بہت بہت شکریہ ادا کیا، اور ان کو خوب نیک دعائیں دیں۔

**جاری کردہ: محمد عمران میر اور مسعود احمد هارو**

**اِنچارج دفتر: همسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرایے سرینگر (فون نمبر دفتر: 9419439786)**

**GREATER KASHMIR 22 MAY 2013**

# ہمسفر ریڈیو پروگرام

## موبائل ٹیلیفون پر بھی دستیاب ھے

ریڈیو کشمیر سرینگر سے براڈ کاسٹ ہونے والا مقبول عام ریڈیو پروگرام: ہمسفر (Humsafar) جو ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے براڈ کاسٹ ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ موبائل ٹیلیفون پر بھی دستیاب ہے۔ یہ پروگرام موبائل ٹیلیفون کے ریڈیو FM 103.5 MHZ پر ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے سنا جاسکتا ہے۔

جاری کردہ: محمد عمران اور مسعود احمد

انچارج دفتر: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون نمبر: 9419439786

Greater Kashmir (22/05/2013)

**AFTAB 29 MAY 2013**

Aftab (29/May/2013)

# تجدید نکاح (Renewal of Nikah)

## ہمسفر کی طرف سے چھے جوڑوں کیلئے خصوصی نکاح مجلس کا اِنعقاد

## ہر نکاح کے لئے دو ہزار روپے (Rs.2000-00) کا مہر نقد ادا کیا گیا

جب کوئی مسلمان مرد یا مسلمان عورت اپنی زبان سے کوئی کُفریہ لفظ یا کفریہ جملہ بغیر کسی جبر و اِکراہ کے نکالتے ہیں، یا کفریہ تحریر لکھتے ہیں۔ یا دین کی کسی بات کا مذاق اُڑاتے ہیں، یا اللہ تعالیٰ کی شان میں یا کسی پیغمبر کی شان میں گستاخی کرتے ہیں، یا دین کے کسی شعائر کو ماننے سے انکار کرتے ہیں، یا شریعت کی کسی چیز کی توہین یا حقارت کرتے ہیں۔ تو اس وقت ان کا ایمان ختم ہوجاتا ہے، اور ایمان کی حالت میں کئے گئے نیک اعمال بھی تباہ و برباد ہوجاتے ہیں، العیاذ باللہ۔ ساتھ ہی شادی شدہ مرد یا عورت کا نکاح بھی ختم ہوجاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے، کہ فوراً سچے دل سے توبہ کریں، کلمہ توحید، ایمان مجمل و ایمان مفصل پڑھیں۔ اور شادی شدہ مرد اور شادی شدہ خاتون تجدید نکاح (Renew Nikah) بھی کریں۔ یعنی تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ تجدید نکاح بھی کریں۔ ایسے ہی لوگوں کے لئے ایک خصوصی نکاح مجلس کا اہتمام ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے 27، مئی سوموار 2013ء کو کیا گیا۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں سہ پہر ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ اس میں سرینگر شہر کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے چھے (6) جوڑوں نے تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ اپنا تجدید نکاح بھی کرالیا۔ تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرانے کی فرائض دعوت سینٹر کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے انجام دئے۔ ہر نکاح اَقل مہر یعنی دو ہزار روپے پر پڑھا گیا۔ ہر شوہر نے مہر کی پوری رقم نقد ادا کردی۔ اپنے مختصر بیان میں ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے فرمایا کہ جب سے ادارہ کی طرف سے دینی تربیت کے کلاس شادی شدہ مردوں اور خواتین کے لئے شروع کئے گئے ہیں، اور جب سے ریڈیو کشمیر سرینگر سے جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب کی پروڈکشن میں ہمسفر جیسا اصلاحی پروگرام نشر ہونا شروع ہوگیا ہے، تب سے لے کر آج تک سینکڑوں جوڑوں نے اپنی ازدواجی زندگی کو خوشگوار، پرسکون اور پاکیزہ بنانے کے لئے اور اپنی آخرت کو آباد کرنے کے لئے یہاں پر آکر تجدید ایمان بھی کیا اور تجدید نکاح بھی کیا، اور یہ سلسلہ بڑھتا جارہا ہے۔ اس اصلاحی پروگرام سے پہلے وہ لوگ نہیں جانتے تھے کہ کفریہ الفاظ کیا ہوتے ہیں، اور شریعت کی کسی چیز کی حقارت، توہین یا انکار کرنے سے کیسی سخت تباہی آجاتی ہے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔

(نوٹ: ہمسفر ادارہ کے طریقہ کار کے مطابق یہاں پر تجدید نکاح کرانے والے جوڑوں کے نام اور پتہ شائع نہیں کئے جاتے ہیں)

جاری کردہ: محمد عمران میر اور مسعود احمد ہارو

انچارج دفتر: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر 9419439786)

**GREATER KASHMIR 29 MAY 2013**

# تجدید نکاح (Renewal of Nikah)

## ہمسفر کی طرف سے چھے 6 جوڑوں کے لئے خصوصی نکاح مجلس کا اِنعقاد

### ہر نکاح کے لئے دو ہزار روپے (Rs.2000-00) کا مہر نقد ادا کیا گیا

جب کوئی مسلمان مرد یا مسلمان عورت اپنی زبان سے کوئی کُفریہ لفظ یا کفریہ جملہ بغیر کسی جبر و اکراہ کے نکالتے ہیں، یا کفریہ تحریر لکھتے ہیں۔ یا دین کی کسی بات کا مذاق اُڑاتے ہیں، یا اللہ تعالی کی شان میں یا کسی پیغمبر کی شان میں گستاخی کرتے ہیں، یا دین کے کسی شعائر کو ماننے سے انکار کرتے ہیں، یا شریعت کی کسی چیز کی توہین یا حقارت کرتے ہیں۔ تو اس وقت ان کا ایمان ختم ہو جاتا ہے، اور ایمان کی حالت میں کئے گئے نیک اعمال بھی تباہ و برباد ہو جاتے ہیں، العیاذ باللہ۔ ساتھ ہی شادی شدہ مرد یا عورت کا نکاح بھی ختم ہو جاتا ہے۔ Greater Kashmir (29/May/2013)

اس کا علاج یہ ہے، کہ فوراً سچے دل سے توبہ کریں، کلمہ توحید، ایمان مجمل و ایمان مفصل پڑھیں۔ اور شادی شدہ مرد اور شادی شدہ خاتون تجدید نکاح (Renew Nikah) بھی کریں۔ یعنی تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ تجدید نکاح بھی کریں۔

ایسے ہی لوگوں کے لئے ایک خصوصی نکاح مجلس کا اہتمام ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے 27، مئی سوموار 2013ء کو کیا گیا۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں سہ پہر ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ اس میں سرینگر شہر کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے چھے (6 جوڑوں نے تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ اپنا تجدید نکاح بھی کرالیا۔ تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرانے کی فرائض دعوت سینٹر کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے انجام دئے۔ ہر نکاح اَقل مہر یعنی دو ہزار روپے پر پڑھا گیا۔ ہر شوہر نے مہر کی پوری رقم نقد ادا کردی۔ اپنے مختصر بیان میں ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے فرمایا کہ جب سے ادارہ کی طرف سے دینی تربیت کے کلاس شادی شدہ مردوں اور خواتین کے لئے شروع کئے گئے ہیں، اور جب سے ریڈیو کشمیر سرینگر سے جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب کی پروڈکشن میں ہمسفر جیسا اصلاحی پروگرام نشر ہونا شروع ہو گیا ہے، تب سے لے کر آج تک سینکڑوں جوڑوں نے اپنی ازدواجی زندگی کو خوشگوار، پرسکون اور پاکیزہ بنانے کے لئے اور اپنی آخرت کو آباد کرنے کے لئے یہاں پر آکر تجدید ایمان بھی کیا اور تجدید نکاح بھی کیا، اور یہ سلسلہ بڑھتا جا رہا ہے۔ اس اصلاحی پروگرام سے پہلے وہ لوگ نہیں جانتے تھے کہ کفریہ الفاظ کیا ہوتے ہیں، اور شریعت کی کسی چیز کی حقارت، توہین یا انکار کرنے سے کیسی سخت تباہی آجاتی ہے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔

(نوٹ: ہمسفر ادارہ کے طریقہ کار کے مطابق یہاں پر تجدید نکاح کرانے والے جوڑوں کے نام اور پتہ شائع نہیں کئے جاتے ہیں)

002

**جاری کردہ: محمد عمران میر اور مسعود احمد ہارو**

انچارج دفتر: ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)

**KASHMIR UZMA 29 MAY 2013**

# (Renewal of Nikah) تجدید نکاح

## ہمسفر کی طرف سے 6 جوڑوں کے لئے خصوصی نکاح مجلس کا اِنعقاد

### ہر نکاح کے لئے دو ہزار روپے [Rs.2000-00] کا مہر نقد ادا کیا گیا

جب کوئی مسلمان مرد یا مسلمان عورت اپنی زبان سے کوئی کُفریہ لفظ یا کفریہ جملہ بغیر کسی جبر و اِکراہ کے نکالتے ہیں، یا کفریہ تحریر لکھتے ہیں۔ یا دین کی کسی بات کا مذاق اُڑاتے ہیں، یا اللہ تعالیٰ کی شان میں یا کسی پیغمبر کی شان میں گستاخی کرتے ہیں، یا دین کے کسی شعائر کو ماننے سے انکار کرتے ہیں، یا شریعت کی کسی چیز کی توہین یا حقارت کرتے ہیں۔ تو اس وقت ان کا ایمان ختم ہوجاتا ہے، اور ایمان کی حالت میں کئے گئے نیک اعمال بھی تباہ و برباد ہوجاتے ہیں، العیاذ باللہ۔ ساتھ ہی شادی شدہ مرد یا عورت کا نکاح بھی ختم ہوجاتا ہے۔

اس کا علاج یہ ہے، کہ فوراً سچے دل سے توبہ کریں، کلمہ توحید، ایمان مجمل و ایمان مفصل پڑھیں۔ اور شادی شدہ مرد اور شادی شدہ خاتون تجدید نکاح (Renew Nikah) بھی کریں۔ یعنی تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ تجدید نکاح بھی کریں۔

ایسے ہی لوگوں کے لئے ایک خصوصی نکاح مجلس کا اہتمام ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے 27 مئی سوموار 2013ء کو کیا گیا۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالاچھتہ بل سرینگر میں سہ پہر ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ اس میں سرینگر شہر کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے چھے (6) جوڑوں نے تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ اپنا تجدید نکاح بھی کرالیا۔ تجدید ایمان اور تجدید نکاح کرانے کی فرائض دعوت سینٹر کے ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے انجام دئے۔ ہر نکاح اَقل مہر یعنی دو ہزار روپے پر پڑھا گیا۔ ہر شوہر نے مہر کی پوری رقم نقد ادا کردی۔ اپنے مختصر بیان میں ڈائریکٹر جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے فرمایا کہ جب سے ادارہ کی طرف سے دینی تربیت کے کلاس شادی شدہ مردوں اور خواتین کے لئے شروع کئے گئے ہیں، اور جب سے ریڈیو کشمیر سرینگر سے جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب کی پروڈکشن میں ہمسفر جیسا اصلاحی پروگرام نشر ہونا شروع ہوگیا ہے، تب سے لے کر آج تک سینکڑوں جوڑوں نے اپنی ازدواجی زندگی کو خوشگوار، پرسکون اور پاکیزہ بنانے کے لئے اور اپنی آخرت کو آباد کرنے کے لئے یہاں پر آکر تجدید ایمان بھی کیا اور تجدید نکاح بھی کیا، اور یہ سلسلہ بڑھتا جارہا ہے۔ اس اصلاحی پروگرام سے پہلے وہ لوگ نہیں جانتے تھے کہ کفریہ الفاظ کیا ہوتے ہیں، اور شریعت کی کسی چیز کی حقارت، توہین یا انکار کرنے سے کیسی سخت تباہی آجاتی ہے۔ مجلس کا اختتام دعا پر ہوا۔

(نوٹ: ہمسفر ادارہ کے طریقہ کار کے مطابق یہاں پر تجدید نکاح کرانے والے جوڑوں کے نام اور پتہ شائع نہیں کئے جاتے ہیں)۔

**جاری کردہ: محمد عمران میر اور مسعود احمد ہارو**

انچارج دفتر: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر (فون نمبر: 9419439786)

Kashmir Uzma (29/May/2013)